بولو کیوں آئی ہو تم ڈیول کی زندگی میں تم سے پہلے ڈیول کو کبھی بھی اتنی بڑی پریشانیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا تمھارے آنے کے بعد سے اُس کے ہر کام میں کوئی نا کوئی رکاوٹ آجاتی ہے ضرور اس سب کے پیچھے تمھارا ہی ہاتھ ہے۔۔۔۔

مارچ نے گن کا دباؤ تھوڑا اور بڑھاتے اس بار چیخ ہوئے پوچھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میرا ایسا کوئی مقصد نہیں ہے میں بس بابر سے بدلہ لینے ڈیول کے پاس آئی تھی اور کچھ نہیں۔۔۔۔

منہا نے سختی سے کہتے اپنا ہاتھ آگے کرتے لفٹ کا بٹن دبایا جس سے لفٹ کا دروازہ کھل گیا اور وہ مارچ کی گن کی پرواہ کیے بغیر وہاں سے نکل گئی۔۔۔۔مارچ نے اُس کی تیزی پر مٹھی بھینچتے لفٹ کے بند ہوتے دروازے پر دے ماری۔۔۔۔

تم جو بھی ہو اور جس بھی مقصد کے لیے یہاں آئی ہو وہ میں پتا لگا کر رہوں گا اب۔۔۔۔مجھ سے اب زیادہ دیر نہیں بچ سکتی تم منہا۔۔۔۔

مارچ نے غصے سے کہتے ایک گہرا سانس لیا اور لفٹ سے نکلتے اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

منہا حویلی پہنچتے ڈیول کے لیپ ٹاپ تک پہنچنے کا پلین تیار کرنے لگی۔۔۔۔کیوں کہ اُسے جو چاہیئے تھا وہ اُسے ڈیول کے لیپ ٹاپ میں ہی ملنا تھا اس لیے وہ کیسے بھی کرتے اُس لیپ ٹاپ تک رسائی حاصل کرنا چاہتی تھی وہ بھی جلد از جلد کیوں کے اب اُس کے پاس وقت نہیں تھا اور کام کو لٹکانے کا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اُسے یہاں آئے پانچ ماہ ہو چکے تھے مگر اب تک وہ اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکی تھی اور یہ اُس کے لیے ایک بڑی شکست تھی جس کا احساس اُسے اب ہوا تھا۔۔۔۔

کافی دیر اپنا سر کھپانے کے بعد آخر اُسے ایک راستہ نظر آیا لیکن اب بات موقع کی تھی اگر اُسے موقع ملے تو ہی وہ کچھ کر سکتی تھی۔۔۔۔

اب دیکھنا یہ تھا کے اُسے موقع کب ملتا ہے اپنا کام انجام دینے کا۔۔۔۔

****

ڈیول آفس سے گھر آیا مگر اُسے منہا کہیں نا دیکھی اکثر وہ جب ڈیول سے پہلے گھر آتی تو اس وقت لاؤنج میں بیٹھی ہوتی تھی مگر آج وہ وہاں نہیں تھی۔۔۔۔

ڈیول جان گیا تھا وہ مارچ کی باتوں کی وجہ سے ناراض ہے۔۔۔۔وہ باتیں تو ڈیول کو بھی اچھی نہیں لگی تھیں مگر وہ مارچ کو کہہ کچھ نہیں سکتا تھا کیوں کہ مارچ اُس کا خاص آدمی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین دوست بھی تھا جو ڈیول کا اچھا ہی چاہتا تھا اور یہ بات ڈیول کو معلوم تھی۔۔۔۔

ڈیول ڈنر پر بھی منہا کا ویٹ کرتا رہا لیکن وہ نہیں آئی۔۔۔۔اُس نے ملازمہ کو بھوک نا ہونے کا کہہ دیا تھا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈنر کرتے ڈیول دوبارہ روم میں آیا تواُس نے مینیجر کو کال کرتے کچھ سمجھایا۔۔۔۔

کال بند کرتے اُس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی پھر وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا فریش ہونے چلا گیا۔۔۔۔

****

اگلے دن منہا ڈیول کے آفس چلے جانے کے بعد تیار ہوتے ناشتہ کرنے آئی اور وہاں سے گاڑی میں بیٹھتی آفس پہنچی۔۔۔۔

سیکرٹری سے اُسے پتا چلا کے ڈیول ابھی میٹنگ میں ہے تو وہ جلدی سے اُس کے آفس کی طرف بڑھی

۔۔۔۔

آفس کے باہر گارڈ نہیں تھا تو وہ چہرے کے تاثرات نارمل کرتی اندر داخل ہوئی۔۔۔۔اُس کی توقع کے عین مطابق آفس کے اندر گارڈ موجود تھا۔۔۔۔

منہا اندر داخل ہوتے بک شیلف سے کچھ فائلز اُٹھا کر اُنہیں پڑھنے لگی جو ڈیول نے ہی اُس کے زمہ لگائی تھیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گارڈ ہاتھ میں ریوالور لیے ایک کونے میں کھڑا تھا۔۔۔۔

منہا نے فائلز کو چیک کرتے بند کیا اور اُٹھا کر ڈیول کے ٹیبل کی جانب بڑھی جہاں لیپ ٹاپ رکھا ہوا تھا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اُس نے وہاں فائلز رکھتے ساتھ ہی کیمرے اور گارڈ سے نظر بچاتے ایک چھوٹی سی چیپ ڈیول کے لیپ ٹاپ میں لگائی اور پھر واپس اپنی جگہ پر آ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد اُس نے اپنا فون نکالا اور چہرے پر بے زاری سجائے سکرین کو دیکھنے لگی۔۔۔۔

گارڈ کی نظروں سے دیکھنے پر لگتا تھا وہ بوریت سے بچنے کے لیے فون یوز کر رہی ہے مگر وہ تو اُس چیپ کے ذریعے ڈیول کا ڈیٹا کاپی کر رہی تھی جو اُس لیپ ٹاپ میں تھا۔۔۔۔

کچھ دیر بعد جب اُس کی سکرین پر "ڈن" لکھا آیا تو وہ فون رکھتے جلدی سے ڈیول کے ٹیبل پر گئی اور وہاں سے ایک فائل اُٹھا کر دیکھنے لگی۔۔۔۔فائل دیکھتے دیکھتے اُس نے وہ چیپ بھی لیپ ٹاپ سے نکال لی تھی ۔۔۔۔فائل واپس بند کرتے وہ مڑ کر صوفے پر آئی مگر اس بار اُس کے چہرے پر ایک الگ سی چمک تھی "کامیابی کی چمک اپنا مقصد پورا ہونے کی چمک "آج اُس کے چہرے پر اپنی فتح کی چمک صاف دیکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

وہ واپس صوفے پر پہنچی جب سیکرٹری آفس کے اندر داخل ہوئی۔۔۔۔

میم سر نے آپ کو اس ایڈریس پر بلایا ہے اور اکیلے آنے کو کہا ہے آپ کی گاڑی باہر تیار ہے آپ ڈرائیو کر لیں گی؟۔۔۔۔

سیکرٹری نے ڈیول کا حکم منہا کو سناتے آخر میں سوال کیا تو منہا نے سر ہلایا اور سیکرٹری کے ہاتھ سے ایڈریس لیتے اُسے پڑھنے لگی۔۔۔۔ایڈریس کسی جنگل کا تھا جس پر منہا حیران ہوئی مگر بغیر کچھ بولے جانے کے لیے راضی ہو گئی آخری بار ڈیول کا حکم ماننے کا سوچتے وہ ہلکی سی مسکراہٹ لیے آفس سے باہر نکلی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پارکنگ میں اُس کی گاڑی کھڑی تھی جس کی منہا نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور گاڑی سٹارٹ کرتی آگے کی طرف بڑھالی۔۔۔۔

****

مارچ اپنے آفس (جو ڈیول کی کمپنی کی ہی ایک برانچ تھی جسے مارچ سنبھالتا تھا) میں بیٹھا فائل پر جھکا ہوا تھا جب ایک شخص دروازہ ناک کرتے اندر داخل ہوا۔۔۔۔

سر یہ رہی وہ فائل جو آپ نے منگوائی تھی اس میں اُس لڑکی کی سب ڈیٹیلز موجود ہیں۔۔۔۔

اُس آدمی نے ایک فائل لا کر مارچ کے ٹیبل پر رکھی۔۔۔۔

مارچ نے اُسے جانے کا اشارہ کیا اور وہ فائل اُٹھا کر پڑھنے لگا۔۔۔۔جوں جوں وہ فائل پڑھتا جا رہا تھا اُس کے چہرے کے تاثرات بدلتے جا رہے تھے۔۔۔۔۔

اوو نو یہ سب مجھے ابھی ہی ڈیول کو بتانا ہو گا۔۔۔۔

مارچ نے فائل بند کرتے اپنا فون اُٹھاتے ڈیول کو کال کی مگر اُس نے نہیں اُٹھائی۔۔۔۔دو تین بار اور ٹرائے کرنے کے بعد بھی جب ڈیول نے کال نہیں اُٹھائی تو مارچ نے غصے سے دانت پیستے ڈیول کے مینیجر کو کال کی۔۔۔۔

ڈیول کہاں ہے اُسے فون دو مجھے ایک ضروری بات کرنی ہے اُس سے۔۔۔۔

مینیجر کے کال پک کرتے ہی مارچ نے سخت لہجے میں کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سر ڈیول سر آفس میں نہیں ہیں وہ تو۔۔۔۔

مینیجر نے ڈیول کی سب ڈیٹیلز مارچ کو دیں جسے سنتے مارچ کا پارا اور ہائی ہوا۔۔۔۔

ایڈریس بھیجو مجھے اُس جگہ کا جلدی۔۔۔۔

مارچ کہتے فون کا تٹا جلدی سے آفس سے باہر نکلا اور گاڑی میں جا کر بیٹھا۔۔۔۔اتنے میں ہی اُسے مینیجر نے ایڈریس بھی بیجھ دیا تھا۔۔۔۔

وہ ایڈریس پڑھتا جلدی سے گاڑی سٹارٹ کرتے اُسے آگے بڑھا گیا۔۔۔۔اُسے اب جلدی سے جلدی وہاں پہنچنا تھا اور ڈیول کو سب سچ بتانا تھا۔۔۔۔۔

منہا اپنی بازوں کا بینڈج کرواتے جیٹ سے صبح کے 6:30 پر حویلی کے پاس پہنچی۔۔۔۔

اُس نے پہلے کیمرے ہیک کروائے پھر پیچھلی دیوار پھلانگ کر پیچھلے لان میں پہنچی ۔۔۔۔ منہا کی قسمت اچھی تھی وہاں کوئی گارڈ موجود نہیں تھا اس وقت اس لیے وہ آرام سے کچن کے راستے حویلی کے اندرونی حصے میں داخل ہو گئی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کچن سے نکلتے لاؤنج میں پہنچی جہاں پر ایک گارڈ تھا۔۔۔اُس نے کچن میں دوبارہ داخل ہوتے شلف پر پڑی ڈائری(جس میں شف آج کیا بنانا ہے وہ لکھتا تھا)اُس کے اوپر سے پین اُٹھایا اور واپس کچن کے دروازے کے پاس کھڑے ہوتے ہوئے وہ پین ڈیول کے کمرے کی طرف اچھالا۔۔۔

گارڈ کسی چیز کے گرنے کی آواز پر جلدی سے اُس طرف گیا اور منہا پیچھے سے سیڑھیاں چڑھ کر اوپر پہنچ آئی۔۔۔

اوپری منزل میں بھی اُس کا راستہ صاف تھا تو وہ سیدھا اپنے روم میں پہنچی اور دروازہ لاک کیا۔۔۔

دروازہ لاک کرتے اُس نے سکون کا سانس خارج کیا اور بیڈ پر گرنے کے انداز سے بیٹھ گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اُسے بازوں میں ہلکا ہلکا درد ابھی بھی محسوس ہو رہا تھا جسے وہ لب بھینچے برداشت کر رہی تھی۔۔۔

کچھ دیر وہ وہی بیڈ پر بیٹھی رہی پھر فریش ہونے کے لیے واشروم گئی۔۔۔فریش ہوتے وہ آکر سو گئی تھی کیوں کہ پوری رات جاگنے سے اُس کی آنکھیں بہت سرخ ہو چکی تھیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

****

منہا صبح کے 10 بجے اُٹھ کر فریش ہوئی اور پھر اچھے سے اپنی بازوں پر بینڈج کیا اور اوپر سے ایک بلیک جیکٹ پہنچی جس سے بازوں کا بینڈج چھپ گیا تھا۔۔۔۔ سہی سے تیار ہوتے وہ اپنے روم سے نکل کر ڈائننگ ہال میں پہنچی جہاں ڈیول بیٹھا ناشتہ کر رہا تھا۔۔۔۔

منہا نے ایک نظر ڈیول کے چہرے پر ڈالی جہاں کچھ پریشانی دیکھائی دے رہی تھی وہ پریشان کیسے نا ہوتا ایک بار پھر منہا اُس کے لیے لاکھوں کا نقصان کر گئی تھی۔۔۔۔ منہا اُس کے چہرے سے نظریں ہٹاتی بنا کچھ بھی بولے آکر اپنی چیر پر بیٹھ گئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈیول نے اپنے ناشتے سے سر اُٹھاتے اُسے دیکھا جو اپنی بریڈ پر بٹر لگا رہی تھی، چہرے پر اطمینان اور سکون قائم تھا جسے دیکھ کر ڈیول کو بھی اپنے اندر سکون اُترتا محسوس ہوا، ڈیول کے دل میں اچانک ایک خیال آیا کیوں نا اس سکون کو وہ ہمیشہ اپنے پاس محفوظ کر لے پھر اُس نے اپنے دل کے اس خیال پر دل سے عہد

Posted On Kitab Nagri

کیا کے وہ جلد ہی اس خیال کو سچ میں بدلے گا۔۔۔۔ یہ سوچتے اُس کے چہرے پر ایک مدہم مسکراہٹ ابھری جسے وہ جلدی قابو کر گیا۔۔۔۔

ڈیول اپنے خیالات میں گم یک ٹک اُسے دیکھنے میں مصروف تھا جب منہا نے سر اوپر کرتے اُس کی آنکھوں میں جھانکا جہاں منہا کو خود کے لیے جزبات کا ایک سمندر دیکھائی دیا مگر وہ اگنور کر گئی اور جلدی سے اپنی نظریں اُس پر سے ہٹائیں، اُسے ڈر تھا کے کہی یہ سمندر راستہ بناتے اُس کی آنکھوں میں نا آ بسے مگر وہ اس بات سے انجان تھی کے آگ دونوں طرف برابر کی لگی ہے۔۔۔۔

ایک دوسرے سے نظریں ہٹاتے دونوں اپنے ناشتے پر جھکے لیکن ڈیول کا دماغ اب کسی اور سوچ میں پھنس گیا تھا۔۔۔۔ مینیجر کی کچھ دیر پہلے کی کہی باتیں ڈیول کے دماغ میں آئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

am9:10

ڈیول کافی غصے سے آکر اپنی گاڑی میں بیٹھا جو اُسے ایرپورٹ سے لینے آئی تھی جس میں مینیجر بھی تھا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آخر کیسے کیسے پتا چلتا ہے آرمی والوں کو میرے ہر پلین کے بارے میں کون بتاتا ہے اُنھیں یہ سب کیسے وہ میرے ہر پلین کے بارے میں جان جاتے ہیں آخر کیسے ؟۔۔۔۔

ڈیول غصے سے اپنا ماتھا مسلتے ہوئے بولا۔۔۔۔غصے کی شدت سے اُس کی آنکھیں لال اور رگیں تنی ہوئی تھیں۔۔۔۔

سر یہ ضرور کوئی اندر کا بندہ ہے جسے آپ کے ہر کام کا پتا ہوتا ہے شاید آپ کا کوئی قریبی۔۔۔۔

مینیجر نے آہستہ آواز میں بتایا۔۔۔۔

میرے پلینز اور میری سچائی کے بارے میں تمھارے اور مارچ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہوتا یہ مت بھولو۔۔۔۔

ڈیول نے پاس پڑی بیر کی بوتل منہ سے لگاتے غصے سے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

و۔۔وہ سر م۔۔منہا میم ب۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے کے مینیجر اپنی بات پوری کرتا ڈیول نے اپنے ہاتھ میں پکڑی بوتل سامنے کی طرف زور سے پھینکی جو اگلی سیٹ پر بیٹھے مینیجر کے سر میں لگتے لگتے بچی تھی۔۔۔۔

چپ بلکل چپ ایک لفظ اور مت کہنا اُس کے بارے میں ورنہ تمھاری زبان کو کبھی بھی بولنے لائق نہیں چھوڑوں گا سمجھے اپنی اوقات میں رہو تمھارے لیے یہی بہتر ہو گا۔۔۔۔

ڈیول نے غصے سے دھاڑتے ہوئے مینیجر کو وارن کیا جو ڈیول کا غصہ دیکھتے پہلے ہی خاموش ہو چکا تھا

۔۔۔۔

.We are getting late for office, Devil

ڈیول اپنے خیالوں سے باہر منہا کی آواز پر آیا جو نیپکن سے ہاتھ صاف کرتی چیر سے اُٹھ گئی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈیول اپنے خیالات جھٹکتا اُٹھا اور ٹیبل سے فون لیتے منہا کے پیچھے گاڑی کی جانب بڑھا جو تیار کھڑی تھی

۔۔۔۔

****

Posted On Kitab Nagri

ڈیول اب کیا کرو گے تم کیسے پتا لگاؤ گے اُس شخص کا جو تمھارے ساتھ ہوتے تمھاری ہر خبر آرمی تک پہنچا رہا ہے۔۔۔۔

مارچ جو رشیاء سے رات ہی واپس آیا تھا اب ڈیول کے آفس میں کھڑا پریشانی سے اُس سے پوچھ رہا تھا

۔۔۔۔

وہ آرمی آفیسرز اسی شہر کے تھے خرید واُن میں سے کسی ایک کو اور پتا لگاؤ کون پہنچا رہا ہے اُنھیں میری ہر خبر۔۔۔۔

ڈیول نے وا*ئن کا گلاس منہ سے لگاتے کہا اور ساتھ ہی وہ اپنے آفس میں بنی کھڑکی سے باہر دیکھ رہا تھا جہاں ہر طرف گاڑیاں اور لوگ دیکھائی دے رہے تھے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے میں دیکھتا ہو مگر تمھیں اب اپنے آس پاس موجود لوگوں سے خود کا زیادہ خیال رکھنا ہو گا

۔۔۔۔

مارچ نے ڈیول کے پریشان چہرے کو دیکھتے کہا اور وہاں سے نکل گیا کیوں کہ اُسے اب جلدی اُس شخص کا پتا لگانا تھا جو اُن کی ہر خبر آرمی کو پہنچا رہا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول نے اُس کے جاتے ایک گہرا سانس لیا اور وائن کا خالی گلاس ٹیبل پر رکھی بوتل سے پھر سے بھرنے لگا۔۔۔۔

اچانک ہی کلک کی آواز سے دروازہ کھولا اور منہا اپنی ہیلز کی ٹک ٹک کرتی کچھ فائلز ہاتھ میں لیے اندر داخل ہوئی۔۔۔۔

ڈیول نے اُسے دیکھتے وائن کا بھرا ہوا گلاس منہ سے لگایا اور پورا خالی کرتے واپس رکھا۔۔۔۔

Don't you know the side effects of the drink that you drink in the morning and evening?

منہا نے اُسے خالی گلاس واپس ٹیبل پر رکھتے دیکھ کر کہا۔۔۔۔

It has no side effects, it is a sedative that calms me down.

Well, are you worried about me?

Posted On Kitab Nagri

ڈیول نے اپنی چیر پر بیٹھتے اُس دیکھتے جواب دیا آخر میں ہلکا سا شرارت سے بولا۔۔۔۔

دل بہلانے کو خیال اچھا ہے مگر سچ نہیں ہے یہ۔۔۔۔

منہا نے اپنی فائلز سے سر اُٹھاتے جلدی سے ڈیول کی غلط فہمی دور کی۔۔۔۔

ڈیول اُس کی بات پر ہلکا سا مسکرایا۔۔۔۔

****

ہاں بولو کام ہوا میرا؟۔۔۔۔

ڈیول نے مارچ سے پوچھا جو ابھی ہی اُس کے آفس میں داخل ہوا تھا، دو دن بعد وہ آج ڈیول کے آفس آیا تھا اس لیے ڈیول سمجھ گیا تھا وہ کام مکمل کر چکا ہے۔۔۔۔

ہاں لیکن۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن کیا؟۔۔۔۔

ڈیول نے آئی برو اچکاتے پوچھا۔۔۔۔۔

کوئی فائیدہ نہیں ہوا اُس سے۔۔۔۔ہم اب بھی اُس شخص سے بہت دور ہیں۔۔۔۔

مارچ نے گہرا سانس بھرتے کہا۔۔۔۔

کیا مطلب ہے تمھارا؟۔۔۔۔

اس بار ڈیول کا لہجہ سخت تھا۔۔۔۔

ایک آفیسر کو میں نے خریدا ہے،اُس سے پوچھنے پر پتا چلا کے ایک ایجنسی نے اُنھیں تمھاری اُس ڈیل کی خبر دی تھی اور وہ لڑکی جو اُن کے ساتھ تھی وہ اُسی ایجنسی کی ایجنٹ ہے۔۔۔۔

مارچ نے ڈیول کے سخت لہجے پر آہستہ سے اُسے پوری بات بتائی۔۔۔۔

مارچ کی بات پر ڈیول کے ماتھے پر بل پڑے جو اُس کے غصہ کا ثبوت تھے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایجنسی کے بارے میں کوئی خبر ملی تمھیں؟۔۔۔۔

ڈیول نے مٹھی بھینچتے اپنا غصہ کنٹرول کرتے پوچھا۔۔۔۔

نہیں وہ ایک سیکرٹ ایجنسی ہے اُس کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ہے میرے پاس اور نا ہی آرمی کے پاس ہے۔۔۔۔ہم اُس ایجنسی یا اُس ایجنسی کے کسی بھی شخص تک نہیں پہنچ سکتے۔۔۔۔

مارچ نے افسوس سے سر ہلاتے کہا۔۔۔۔

وہ لڑکی، وہاں پر ایک لڑکی بھی تو تھی نا جو اُسی ایجنسی کی ہے۔۔۔۔اس کا مطلب وہی لڑکی ہماری ڈیٹیلز دے رہی ہے اُنھیں لیکن ہمارے گینگ میں لڑکی تو۔۔۔ من۔۔۔۔

مارچ ڈیول کے چہرے پر غضب ناک تاثرات دیکھتے منہا کا نام لیتا رکا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنی بکواس بند کرو مارچ اور آج کے بعد اُس کا نام بھی مت لینا دوبارہ ورنہ اپنے انجام کے ذمہدار تم خود ہوگے۔۔۔۔

ڈیول نے غصے سے اُسے وارن کیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مارچ ڈیول کے چہرے پر منہا کا نام سنتے آنے والا غصہ دیکھتے حیران ہوا۔۔۔مارچ نے اپنے دل میں آنے والے خیالات کو جھٹکنا چاہا مگر ڈیول کی آنکھیں اُس کے خیالات کو سچ قرار دے چکی تھیں۔۔۔۔
مارچ ڈیول کی آنکھوں میں لکھا سب پڑھ چکا تھا جس سے وہ حیران اور پریشان تھا۔۔۔

ڈیول جس راستے پر تم چل رہے ہو وہ ہمارے کام کا حصہ نہیں ہے یہ مت بھولو اس راستے پر سوائے بربادی کے اور کچھ نہیں رکھا۔۔۔
مارچ نے ڈیول کی نیلی آنکھوں میں جھانکتے کہا۔۔۔

تم مجھے مت سکھاؤ مجھے کون سے راستے پر چلنا ہے اور کون سے پر نہیں اپنی حد میں رہو یہی بہتر ہے تمھارے لیے مارچ۔۔۔۔
ڈیول نے غصے سے مارچ کو گھورتے کہا،اُس کا بس نہیں چل رہا تھا مارچ کو زندہ زمین میں اُتار دے۔۔۔۔

ڈیول مجھے میری حد معلوم ہے میں بس تمھیں سمجھا رہا ہوں کے تم غلطی پر ہو۔۔۔ ہمارے اس دھندے میں ہم کسی پر بھی یقین نہیں کر سکتے کیوں کے ہمارے ہزاروں دشمن ہیں، کیا پتا کون اپنا ہمارا دشمن نکل آئے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مارچ نے ڈیول کی بات پر اُسے آرام سے سمجھانا چاہا۔۔۔۔

.Just shut up

مجھے تمھاری کوئی بات نہیں سننی چلے جاؤ یہاں سے مارچ۔۔۔۔

ڈیول نے ٹیبل کے اندر سے ایک وائن کی بوتل نکلی اور گلاس میں کچھ وائن انڈیلتے اُس نے گلاس منہ سے لگایا۔۔۔۔

ڈیول میں تمھیں بتا رہا ہوں تم ایک دن منہا کے ہاتھوں ہی برباد ہو گے اور یہ جو تم اُس پر اندھا اعتماد کر رہے ہو نا اس کا پھل بھی تمھیں بہت جلدی ملے گا۔۔۔۔

مارچ غصے سے کہتا پیچھے مڑ کر جانے لگا مگر دروازے کے بیچ کھڑی منہا کو دیکھتے رکا، اُس کے رکنے پر ڈیول نے بھی دروازے کی طرف دیکھا جہاں منہا چہرے پر سخت تاثرات لیے کھڑی تھی۔۔۔۔

****

Posted On Kitab Nagri

منہاایک سخت نظر مارچ پھر ڈیول پر ڈالتی بنا کچھ کہے وہاں سے نکل گئی،وہاں سے نکلتے ہی اُس کے چہرے پر غصے کی جگہ ایک دم پریشانی کے تاثرات ابھرے تھے۔۔۔۔

ڈیول نے اُس کے جاتے سختی سے لب بھینچتے مارچ کو گھورا جو اُسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔مارچ بھی ایک نظر ڈیول کو دیکھتے وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

پیچھے ڈیول سر تھام کر رہ گیا تھا۔۔۔۔

منہا کوریڈور سے چلتے اپنی ہی سوچوں میں الجھی ہوئی تھی۔۔۔۔اُسے ڈر تھا کے کہی ڈیول مارچ کی بات سن کر اُس پر شک کرنے نا لگ جائے۔۔۔۔

مجھے اب جلدی کچھ کرنا ہو گا اس سے پہلے کے ڈیول کو میری اصلیت پتا چلے مجھے میرا مقصد پورا کرنا ہو گا ۔۔۔۔

منہاانگلیاں موڑتے ہوئے لفٹ میں داخل ہوئی اور بٹن دبانے لگی جب اُسے مارچ بھی لفٹ میں داخل ہوتا دیکھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مارچ کو دیکھتے منہا نے اپنے چہرے پر سے پریشانی کے تاثرات ہٹائے اور سنجیدگی لے آئی۔۔۔۔

مارچ نے ہاتھ آگے بڑھاتے لفٹ کا دروازہ بند کیا اور پھر اچانک ہی اپنی گن نکلی اور منہا کے سر پر تانی ۔۔۔۔

منہا خانزادی بتاؤ تم کس کے لیے کام کرتی ہو اور کیا مقصد ہے تمھارا کیوں آئی ہو تم یہاں؟۔۔۔۔اور میری ایک بات یاد رکھنا اگر ڈیول کو تمھاری وجہ سے کوئی نقصان پہنچا تو تمھیں میں انتہائی سخت سزا دوں گا جو تم سوچ بھی نہیں سکتی۔۔۔۔

مارچ نے گن کا دباؤ منہا کے ماتھے پر بڑھاتے غصے سے پوچھا، منہا گن کو خود پر محسوس کرتے لب بھینچ کر کھڑی ہو گئی مگر بولی کچھ نہیں اور نا ہی کوئی حرکت کی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بولو کیوں آئی ہو تم ڈیول کی زندگی میں تم سے پہلے ڈیول کو کبھی بھی اتنی بڑی پریشانیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا تمھارے آنے کے بعد سے اُس کے ہر کام میں کوئی نا کوئی رکاوٹ آجاتی ہے ضرور اس سب کے پیچھے تمھارا ہی ہاتھ ہے۔۔۔۔

مارچ نے گن کا دباؤ تھوڑا اور بڑھاتے اس بار چیخ ہوئے پوچھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میرا ایسا کوئی مقصد نہیں ہے میں بس بابر سے بدلہ لینے ڈیول کے پاس آئی تھی اور کچھ نہیں۔۔۔۔

منہا نے سختی سے کہتے اپنا ہاتھ آگے کرتے لفٹ کا بٹن دبایا جس سے لفٹ کا دروازہ کھل گیا اور وہ مارچ کی گن کی پرواہ کیے بغیر وہاں سے نکل گئی۔۔۔۔مارچ نے اُس کی تیزی پر مٹھی بھینچتے لفٹ کے بند ہوتے دروازے پر دے ماری۔۔۔۔

تم جو بھی ہو اور جس بھی مقصد کے لیے یہاں آئی ہو وہ میں پتا لگا کر رہوں گا اب۔۔۔۔مجھ سے اب زیادہ دیر نہیں بچ سکتی تم منہا۔۔۔۔

مارچ نے غصے سے کہتے ایک گہرا سانس لیا اور لفٹ سے نکلتے اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

منہا حویلی پہنچتے ڈیول کے لیپ ٹاپ تک پہنچنے کا پلین تیار کرنے لگی۔۔۔۔کیوں کہ اُسے جو چاہیئے تھا وہ اُسے ڈیول کے لیپ ٹاپ میں ہی ملنا تھا اس لیے وہ کیسے بھی کرتے اُس لیپ ٹاپ تک رسائی حاصل کرنا چاہتی تھی وہ بھی جلد از جلد کیوں کے اب اُس کے پاس وقت نہیں تھا اور کام کو لٹکانے کا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اُسے یہاں آئے پانچ ماہ ہو چکے تھے مگر اب تک وہ اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکی تھی اور یہ اُس کے لیے ایک بڑی شکست تھی جس کا احساس اُسے اب ہوا تھا۔۔۔۔

کافی دیر اپنا سر کھپانے کے بعد آخر اُسے ایک راستہ نظر آیا لیکن اب بات موقع کی تھی اگر اُسے موقع ملے تو ہی وہ کچھ کر سکتی تھی۔۔۔۔

اب دیکھنا یہ تھا کے اُسے موقع کب ملتا ہے اپنا کام انجام دینے کا۔۔۔۔

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈیول آفس سے گھر آیا مگر اُسے منہا کہیں نا دیکھی اکثر وہ جب ڈیول سے پہلے گھر آتی تو اس وقت لاؤنج میں بیٹھی ہوتی تھی مگر آج وہ وہاں نہیں تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول جان گیا تھا وہ مارچ کی باتوں کی وجہ سے ناراض ہے۔۔۔۔وہ باتیں تو ڈیول کو بھی اچھی نہیں لگی تھیں مگر وہ مارچ کو کہہ کچھ نہیں سکتا تھا کیوں کہ مارچ اُس کا خاص آدمی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین دوست بھی تھا جو ڈیول کا اچھا ہی چاہتا تھا اور یہ بات ڈیول کو معلوم تھی۔۔۔۔

ڈیول ڈنر پر بھی منہا کا ویٹ کرتا رہا لیکن وہ نہیں آئی۔۔۔۔اُس نے ملازمہ کو بھوک نا ہونے کا کہہ دیا تھا

۔۔۔۔

ڈنر کرتے ڈیول دوبارہ روم میں آیا تو اُس نے مینیجر کو کال کرتے کچھ سمجھایا۔۔۔۔

کال بند کرتے اُس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی پھر وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا فریش ہونے چلا گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

اگلے دن منہا ڈیول کے آفس چلے جانے کے بعد تیار ہوتے ناشتہ کرنے آئی اور وہاں سے گاڑی میں بیٹھتی آفس پہنچی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سیکرٹری سے اُسے پتا چلا کے ڈیول ابھی میٹنگ میں ہے تو وہ جلدی سے اُس کے آفس کی طرف بڑھی

۔۔۔۔

آفس کے باہر گارڈ نہیں تھا تو وہ چہرے کے تاثرات نارمل کرتی اندر داخل ہوئی۔۔۔اُس کی توقع کے عین مطابق آفس کے اندر گارڈ موجود تھا۔۔۔۔

منہا اندر داخل ہوتے بک شیلف سے کچھ فائلز اُٹھا کر اُنہیں پڑھنے لگی جو ڈیول نے ہی اُس کے زمہ لگائی تھیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گارڈ ہاتھ میں ریوالور لیے ایک کونے میں کھڑا تھا۔۔۔۔

منہا نے فائلز کو چیک کرتے بند کیا اور اُٹھا کر ڈیول کے ٹیبل کی جانب بڑھی جہاں لیپ ٹاپ رکھا ہوا تھا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اُس نے وہاں فائلز رکھتے ساتھ ہی کیمرے اور گارڈ سے نظر بچاتے ایک چھوٹی سی چیپ ڈیول کے لیپ ٹاپ میں لگائی اور پھر واپس اپنی جگہ پر آ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد اُس نے اپنا فون نکالا اور چہرے پر بے زاری سجائے سکرین کو دیکھنے لگی۔۔۔۔

گارڈ کی نظروں سے دیکھنے پر لگتا تھا وہ بوریت سے بچنے کے لیے فون یوز کر رہی ہے مگر وہ تو اُس چیپ کے ذریعے ڈیول کا ڈیٹا کاپی کر رہی تھی جو اُس لیپ ٹاپ میں تھا۔۔۔۔

کچھ دیر بعد جب اُس کی سکرین پر "ڈن" لکھا آیا تو وہ فون رکھتے جلدی سے ڈیول کے ٹیبل پر گئی اور وہاں سے ایک فائل اُٹھا کر دیکھنے لگی۔۔۔۔فائل دیکھتے دیکھتے اُس نے وہ چیپ بھی لیپ ٹاپ سے نکال لی تھی ۔۔۔۔فائل واپس بند کرتے وہ مڑ کر صوفے پر آئی مگر اس بار اُس کے چہرے پر ایک الگ سی چمک تھی "کامیابی کی چمک اپنا مقصد پورا ہونے کی چمک "آج اُس کے چہرے پر اپنی فتح کی چمک صاف دیکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔

وہ واپس صوفے پر پہنچی جب سیکرٹری آفس کے اندر داخل ہوئی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میم سر نے آپ کو اس ایڈریس پر بلایا ہے اور اکیلے آنے کو کہا ہے آپ کی گاڑی باہر تیار ہے آپ ڈرائیو کر لیں گی؟۔۔۔۔

سیکرٹری نے ڈیول کا حکم منہا کو سناتے آخر میں سوال کیا تو منہا نے سر ہلایا اور سیکرٹری کے ہاتھ سے ایڈریس لیتے اُسے پڑھنے لگی۔۔۔۔ایڈریس کسی جنگل کا تھا جس پر منہا حیران ہوئی مگر بغیر کچھ بولے جانے کے لیے راضی ہو گئی آخری بار ڈیول کا حکم ماننے کا سوچتے وہ ہلکی سی مسکراہٹ لیے آفس سے باہر نکلی۔۔۔۔

پارکنگ میں اُس کی گاڑی کھڑی تھی جس کی منہا نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور گاڑی سٹارٹ کرتی آگے کی طرف بڑھالی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

مارچ اپنے آفس (جو ڈیول کی کمپنی کی ہی ایک برانچ تھی جسے مارچ سنبھالتا تھا) میں بیٹھا فائل پر جھکا ہوا تھا جب ایک شخص دروازہ ناک کرتے اندر داخل ہوا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سر یہ رہی وہ فائل جو آپ نے منگوائی تھی اس میں اُس لڑکی کی سب ڈیٹیلز موجود ہیں۔۔۔۔
اُس آدمی نے ایک فائل لا کر مارچ کے ٹیبل پر رکھی۔۔۔۔

مارچ نے اُسے جانے کا اشارہ کیا اور وہ فائل اُٹھا کر پڑھنے لگا۔۔۔۔جوں جوں وہ فائل پڑھتا جا رہا تھا اُس کے چہرے کے تاثرات بدلتے جا رہے تھے۔۔۔۔۔

اوو نو یہ سب مجھے ابھی ہی ڈیول کو بتانا ہو گا۔۔۔۔
مارچ نے فائل بند کرتے اپنا فون اُٹھاتے ڈیول کو کال کی مگر اُس نے نہیں اُٹھائی۔۔۔۔دو تین بار اور ٹرائے کرنے کے بعد بھی جب ڈیول نے کال نہیں اُٹھائی تو مارچ نے غصے سے دانت پیستے ڈیول کے مینیجر کو کال کی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈیول کہاں ہے اُسے فون دو مجھے ایک ضروری بات کرنی ہے اُس سے۔۔۔۔
مینیجر کے کال پک کرتے ہی مارچ نے سخت لہجے میں کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سر ڈیول سر آفس میں نہیں ہیں وہ تو۔۔۔۔

مینیجر نے ڈیول کی سب ڈیٹیلز مارچ کو دیں جسے سنتے مارچ کا پارا اور ہائی ہوا۔۔۔۔

ایڈریس بھیجو مجھے اُس جگہ کا جلدی۔۔۔۔

مارچ کہتے فون کاتتا جلدی سے آفس سے باہر نکلا اور گاڑی میں جا کر بیٹھا۔۔۔۔اتنے میں ہی اُسے مینیجر نے ایڈریس بھی بیجھ دیا تھا۔۔۔۔

وہ ایڈریس پڑھتا جلدی سے گاڑی سٹارٹ کرتے اُسے آگے بڑھا گیا۔۔۔۔اُسے اب جلدی سے جلدی وہاں پہنچنا تھا اور ڈیول کو سب سچ بتانا تھا۔۔۔۔۔

یہ ایک خوبصورت سی جگہ تھی جہاں آس پاس گھنا جنگل تھا مگر یہ جگہ درختوں سے خالی تھی اسے لال رنگ کے پھولوں سے بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔۔۔۔

منہا اپنی گاڑی سے نکلتی وہاں پہنچی اور اُس جگہ کی سجاوٹ دیکھ کر ٹھٹکی۔۔۔۔

.Come here and sit

Posted On Kitab Nagri

دوسری جانب سے ڈیول نکل کر آیااور اُسے درمیان میں لگے ٹیبل پر بیٹھنے کا کہا۔۔۔

منہانے ایک نظر ڈیول کو دیکھا جو بلیک پینٹ کوٹ میں انتہائی ہینڈسم لگ رہا تھا پھر آہستہ سے چلتی وہاں جا کر بیٹھ گئی۔۔۔ڈیول بھی اُس کے سامنے آکر بیٹھا۔۔۔

منہا مجھے تم سے بات کرنی ہے کچھ۔۔۔کچھ دیر کی خاموشی کے بعد ڈیول نے اپنے سامنے بیٹھی منہا کو دیکھتے ہوئے آہستہ اور نرم لہجے میں کہا۔۔۔

منہاڈیول کے لہجے میں چھپے جذبات کے توفان کو محسوس کر چکی تھی۔۔۔اسی وقت سے تو وہ ڈرتی تھی آخر آج یہ وقت آہی گیا تھا اُس کے سامنے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسی کے ساتھ وہ وقت بھی آگیا تھا جب منہا کو اپنی اصلیت سے پردہ اُٹھانا تھا۔۔۔یہ وقت اُس کے لیے بہت مشکل تھا دل اور وعدے میں سے کسی ایک کو چننا۔۔۔اپنے مقصد یا اپنے جذبات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا انتہائی مشکل کام تھا مگر منہا بہت پہلے فیصلہ کر چکی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہا۔۔۔۔

ڈیول کی پکار نے منہا کو اپنے خیالوں سے باہر نکلا۔۔۔۔منہا نے نظریں اپنے دائیں جانب کی جہاں ڈیول ایک گھٹنے پر اُس کے سامنے زمین پر بیٹھا تھا۔۔۔۔

اُسے دیکھتے منہا کا دل ایک دم زور و شور سے دھڑکنے لگا۔۔۔۔اُس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ یہاں سے اُٹھ کر بھاگ جائے۔۔۔۔وہ اپنا کام تو کر چکی تھی مگر اب اُس میں ہمت نہیں تھی یہ وقت گزارنے کی ۔۔۔۔

Minha Khanzadi I love you. Will you marry me and spend the rest of your life with me?

ڈیول نے اپنی پینٹ کی پاکٹ سے ایک مخملی ڈبی نکالتے ہوئے اُسے کھول کر اپنے ہاتھ میں رکھا اُس میں ایک خوبصورت سی ڈائمنڈ کی رِنگ اپنی پوری شان و شوکت سے چمک رہی تھی، پھر اُس نے نرم لہجے میں منہا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہا نے اُس کی بات پر اپنی آنکھیں زور سے بند کی تو سامنے ایک ہنستا ہوا عکس لہرایا جو آج بھی منہا کے دل و جان میں بسا ہوا تھا۔۔۔وہ اپنے بابا کے بعد اپنے بھائی سے ہی تو حد سے بڑھ کر محبت کرتی تھی جسے اس سفاک انسان نے اُس سے چھین لیا تھا۔۔۔پھر اُس کی آنکھوں کے سامنے وہ منظر آیا جہاں اُس نے اپنے بھائی کی آدھی جلی ہوئی لاش سے وعدہ کیا تھا کے وہ اُس کی موت کا بدلہ ڈیول سے ضرور لے گی۔۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

منہا نے فٹ سے اپنی آنکھیں کھولیں تو اب اُن میں وہ نرمی جو منہا کی آنکھوں میں ہر وقت ہوتی تھی وہ کہی دیکھائی نہیں دے رہی تھی اب صرف اُس کی آنکھوں میں آگ تھی انتقام کی آگ جس کی زد میں اب ڈیول آنے والا تھا۔۔۔۔

مسٹر سالار دورانی تمھیں میرا جواب چاہیئے تو سنو۔۔۔۔

منہا نے سرد اور سپاٹ لہجے میں ڈیول کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

میں تم جیسے گھٹیا، نیچ اور معصوم لوگوں کا قتل کرنے والے شخص سے شادی نہیں کرنا چاہتی بلکہ میں تم سے بات بھی کرنا اپنی توہین سمجھتی ہوں۔۔۔۔

منہا نے غصے کی انتہا سے چیختے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول اُس کی بات پر ساکت رہ گیا تھا اُسے اس جواب کی تو توقع نہیں تھی منہا سے۔۔۔۔کچھ دیر دونوں طرف خاموشی رہی ایک نفرت سے خاموش تھا اور ایک حیرت سے۔۔۔۔

چند منٹوں بعد ڈیول خود کو سنبھالتے ہوئے بولا۔۔۔۔

ی۔۔ی۔یہ تم کیا کہہ رہی ہو منہا تم تو مجھے سے محبت کرتی تھی نا میں نے خود تمھاری آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھی ہے پھر یہ۔۔۔۔

ڈیول کا لہجہ آج پہلی مرتبہ کسی کے سامنے ایسے ٹوٹا تھا آج اُس کی نیلی خوبصورت آنکھوں میں حیرت اور بے یقینی کا سمندر جمع تھا۔۔۔۔

ہاں یہ چند مہینے تمھارے ساتھ گزارنے کے بعد میرے دل کے کسی کونے میں یہ جذبہ تمھارے لیے پیدا ہوا ہے مگر میرے بھائی کی محبت اور اس وطن کی عزت کے سامنے یہ جذبہ بہت پھیکا ہے۔۔۔۔تم میرے بھائی کے قاتل ہو ڈیول تم نے ہمارے گھر کی خوشیاں چھین لی ہیں۔۔۔۔

منہا کے سامنے ایک مرتبہ پھر سے امان کا جلا ہوا جسم آیا تو اُسے ڈیول سے سخت نفرت محسوس کیہوئی

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول ابھی بھی حیرت سے منہا کو سن رہا تھا۔۔۔اُس کی آنکھوں میں کہی سوال آرہے تھے جنھیں منہا پڑھ چکی تھی۔۔۔۔

آج سے ڈھائی سال پہلے تم نے امان خانزادہ کے کورٹ میں بم بلاسٹ کروایا تھا صرف اس لیے کیوں کے امان بھائی کے پاس تمھارے خلاف ثبوت آگئے تھے جنھیں اگر وہ عدالت میں پیش کرتے تو تمھیں پھانسی ہو جاتی۔۔۔تم نے اپنی جان بچانے کے لیے میرے بھائی کی جان لے لی۔۔۔وہ ہمارے لیے سب کچھ تھے میرا موم کا اور نہل کا آخری سہارا جسے تم نے ایک منٹ میں ہم سے چھین لیا ڈیول۔۔۔۔ بس اُسی دن میں نے خود سے وعدہ کیا تھا کے تمھیں میں خود پھانسی دلاؤں گی۔۔۔اسی لیے میں نے سکریٹ ایجینسی جوائن کی ایک سال اور آٹھ ماہ کی دن رات محنت کے بعد آخر مجھے تمھارا کیس مل ہی گیا پھر میں نے اپنی پہچان بدلی اپنے گھر والوں سے دور رہی تمھارے ساتھ تا کے تمھیں کوئی شک نا ہو مجھ پر پھر سب میرے پلین کے مطابق ہوا اور آج میرے پاس اس یو ایس بھی میں تمھارے خلاف سب ثبوت جمع ہیں جو میں عدالت میں پیش کروں گی اور تمھیں پھانسی دلاؤں گی۔۔۔۔

منہا سانس لینے کے لیے رکی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس سب کے بیچ مجھ سے بس ایک غلطی ہوئی وہ ہے تم سے لگاؤ، نا جانے کب اور کیسے میرے دل میں تمھارے لیے کچھ احساسات پیدا ہوئے جو میری زندگی کی سب سے بڑی غلطی ہے مگر میں اس غلطی کو اپنے انتقام کے آڑے نہیں آنے دوں گی میں اپنی زندگی کا مقصد کبھی نہیں بھولوں گی میں یہ سب ثبوت جا کر عدالت کو دے دوں گی اپنے بھائی اور باقی جن معصوموں کو تم نے بے وجہ مارا اُن سب کو انصاف دلاؤں گی۔۔۔۔

منہا نے اپنی شولے برستی آنکھوں کو ڈیول کی حیران کن آنکھوں میں گاڑتے ہوئے اُسے سب سچائی بتائی۔۔۔۔

یہ سب سنتے ڈیول کو آج پہلی مرتبہ اپنی ہار کا احساس ہوا تھا۔۔۔اُسے آج ہار کے اصل معنی پتا چلے تھے جب وہ اپنی عزت کے ساتھ دل بھی ہار بیٹھا تھا۔۔۔بے ساختہ اُس کا وہ ہاتھ جو اُس نے اُٹھا رکھا تھا جس میں رنگ کی ڈبی تھی وہ نیچے اُس کی گود میں جا گرا۔۔۔اُس کی ساکت آنکھیں نیچے زمین پر گڑ چکی تھیں۔۔۔۔

دونوں طرف سناٹا سا چھا گیا تھا۔۔۔دونوں میں سے کسی میں بھی بولنے کی ہمت نہیں رہی تھی۔۔۔۔ دونوں کی نظریں زمین پر گڑی ہوئیں تھیں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہا چند منٹ وہی کھڑی اُسے دیکھتی رہی پھر آہستہ سے پیچھے قدم لینے لگی۔۔۔اور پھر اُس نے خود کو بھاگتا ہوا پایا اپنی گاڑی کی طرف۔۔۔۔

وہ جلدی سے گاڑی میں بیٹھی اور وہاں سے نکل گئی۔۔۔۔

ڈیول نے اُسے روکا نہیں تھا وہ روکتا بھی کیسے؟ کس منہ سے؟ اُس کے پاس کوئی الفاظ نہیں تھے اپنی صفائی کے لیے کیوں کے اُس کی غلطی تھی وہ وہی زمین پر بیٹھا اپنے ہاتھ میں پکڑی اُس ڈبی کے اندر پڑی رنگ کو دیکھ رہا تھا جو وہ بہت مان سے منہا کے لیے خرید کر لایا تھا اُس نے سوچا تھا وہ منہا کو منائے گا بھی اور ساتھ میں شادی کے لیے بھی پوچھے گا مگر منہا تو سب کچھ اُس کے منہ پر مار گئی تھی۔۔۔اور اس سب کے پیچھے قصور بھی تو اُسی کا تھا اس لیے وہ کچھ نہیں بول سکا، منہا کو کچھ نہیں کہہ سکا بس خاموشی سے اپنی ہار کو محسوس کرتا رہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اچانک ہی وہاں ایک گاڑی رکنے کی آواز آئی پھر مارچ بھاگتا ہوا ڈیول کے پاس پہنچا مگر ڈیول کے حالات اُسے سب بتا چکی تھی،اُسے اپنے لیٹ ہونے پر افسوس ہوا تھا۔۔۔مارچ نے پہلی بار ڈیول کی آنکھوں میں شکست دیکھی تھی۔۔۔۔

آج دی گریٹ ڈیول ہار چکا تھا منہا خانزادی کے ہاتھوں۔۔۔۔

******

ماضی۔۔۔۔

موٹے جن واپس کرو میری چاکلیٹ۔۔۔۔اپنی کھالی اور اب میری بھی کھا رہے ہو۔۔۔۔۔آج بھائی کو آنے دو تمہاری شکایت لگاؤں گی موٹے جن۔۔۔۔وہ بھاگتے ہوئے چیخ رہی تھی لیکن آگے بھاگنے والا وجود تو اپنے کان بند کر کے چاکلیٹ کو منہ میں ٹھوستے ہوئے گیٹ سے باہر نکل گیا لیکن جانے سے پہلے چاکلیٹ کا خالی پیکٹ اُس پر پھینکنا نہیں بھولا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اُسے جاتا دیکھ کر اپنے دل میں ہی اُسے کئی القاب سے نوازتے پیر پٹختے واپس اندر کی طرف بڑھ گئی

۔۔۔۔۔

موم دیکھیں اس موٹے کالے جن کو میرے چاکلیٹ کھا گیا ہے۔۔۔۔

اندر آتے ہی وہ لاؤنج میں رکھے صوفے پر گرنے کے انداز سے بیٹھتے ہوئے اپنی موم سے بولی جو صوفے پر بیٹھی ٹی وی پر کوئی شو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔

کوئی بات نہیں بھائی سے کہنا اور لے آئے گا آتے ہوئے۔۔۔۔

اُس کی موم نے اُسے دیکھتے ہوئے پیار سے کہا۔۔۔۔

ہمم کہتی ہوں بھائی کو۔۔۔۔ لیکن اس موٹے کو مزا چکھا کر رہوں گی میں۔۔۔۔۔

وہ اپنا فون اپنے پینٹ کی پاکٹ سے نکالتے ہوئے بولی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بھائی کو چاکلیٹ لانے کا بول کر وہ ٹی وی دیکھنے لگی جہاں اب خبریں لگی ہوئی تھی جس میں بتایا جارہا تھا کے "دی بلیک ہارٹ "نام کی مافیا گینگ نے ایک کورٹ میں بلاسٹ کروایا ہے جس میں کچھ لوگ زخمی ہوئے ہیں اور کچھ کی موت ہو گئی ہے۔۔۔۔

اووووو مومی۔۔یہ توب۔۔بھائی کا کو۔۔رٹ ہے نا۔۔۔۔

منہا نے خبر سنتے ایک دم حیرت سے کہا مگر اُس کا لہجہ ٹوٹا ہوا سا تھا۔۔۔۔

اس سے پہلے مہوش بیگم کوئی جواب دیتیں لینڈ لائن بجا۔۔۔مہوش بیگم نے ایک دم دل پر ہاتھ رکھا ۔۔۔۔

منہا لرزتے قدم لیتے لینڈ لائن تک پہنچی اور کال پک کرتے رسیور کو کان سے لگایا۔۔۔۔

آگے سے آئی خبر سنتے رسیور ایک دم اُس کے ہاتھ سے چُھوٹا۔۔۔۔

مو۔۔موم ب۔۔بھائی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہانے مہوش بیگم کی طرف مڑتے ہوئے آہستہ سے کہنے کی کوشش کی مگر وہ آگے بول نا سکی تھی

۔۔۔۔

مہوش بیگم سمجھ چکی تھی اس لیے بس خاموشی سے آنسو بہانے لگیں۔۔۔۔منہاوہی فرش پر بیٹھے اونچا اونچاسسک رہی تھی۔۔۔۔

شام تک کورٹ سے امان کی جلی ہوئی لاش گھر پہنچ چکی تھی منہااور مہوش بیگم وہی اُس کی چارپائی کے ساتھ بیٹھی سسک رہی تھیں اور نہل ایک ہونے میں ساکت سا کھڑا سامنے سفید کفن میں لپٹے اپنے بھائی کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منہانے اُسی دن وہی بیٹھے خود سے وعدہ کیا تھا کے وہ امان کی موت کا بدلہ ضرور لے گی۔۔۔۔

******

حال

Posted On Kitab Nagri

منہاکافی دیر گاڑی سڑکوں پر گھمانے کے بعد آخر رات کے 8 بجے اپنے گھر کے سامنے پہنچی۔۔۔۔

گاڑی میں منہا کو دیکھتے گارڈز نے خوشی سے اُسے سلام کیااور اُس کے لیے دروازہ کھولا۔۔۔۔

آج وہ اتنے مہینوں کے بعد اس گھر میں لوٹی تھی جہاں اُس کی ماں تھی اُس کا بھائی تھا اُس کے شہید بھائی کی یادیں تھی اُس کے آرمی میں شہید ہونے والے بابا کی یادیں تھیں وہ سب کچھ تھا اس چھوٹے سے گھر میں جو منہا کے جینے کی وجہ تھی مگر پھر بھی وہ اپنے آپ کو اندر سے خالی محسوس کر رہی تھی ناجانے کیوں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ گاڑی پارک کرتے گاڑی سے نکلی اور ایک نظر جی بھر کر اس گھر کو دیکھا۔۔۔۔

مہوش بیگم جو باہر گاڑی رکنے کی آواز پر کچن سے باہر نکلیں تھیں سامنے منہا کو دیکھتے ایک پل وہیں ساکت ہوئیں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہا بھی اُنھیں دیکھ چکی تھی اس لیے بھاگتے ہوئے اُن کے ساتھ جا لگی۔۔۔۔

موم۔۔۔۔
منہا نے اُنھیں اپنے ساتھ لگاتے آہستہ سے کہا۔۔۔اُس کا لہجہ نم تھا۔۔۔۔

منہا میری گڑیا۔۔۔۔
مہوش بیگم بھی نم لہجے میں بولیں۔۔۔۔

تب تک نہل بھی وہاں آ چکا تھا اور اب دونوں کو ساتھ لگے روتے دیکھ رہا تھا۔۔۔اُسے حیرت کے ساتھ خوشی ہوئی تھی کے آخر منہا گھر لوٹ آئی۔۔۔۔

اپنی مام کا آنچل ملتے منہا کی آنکھیں تیزی سے بہنا شروع ہوئیں تھیں۔۔۔سب گلے شکوے سب درد تکلیفیں ایک ساتھ اُس کی آنکھوں کے راستے باہر نکلی تھیں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہل کافی دیر اُنھیں دیکھتا رہا کے وہ الگ ہوں گی مگر وہ دونوں ویسے ہی ایک دوسرے کے ساتھ لگی روتی رہی تو نہل کو جنجلاہٹ ہوئی۔۔۔۔

میلوڈرامہ۔۔۔۔

نہل آنکھیں گھماتے ہوئے تیز آواز میں بڑبڑایا جو اُن دونوں نے آرام سے سن لی تھی۔۔۔۔

منہا مہوش بیگم سے علیحدہ ہوئی اور اب تیزی سے نہل کی جانب بڑھی۔۔۔۔

نہل جو اس خوشی میں تھا کہ منہا آکر اُس سے ملے گی اپنے پیٹ پر پڑنے والے مکے سے چکرا کر رہ گیا ۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

موٹے کالے جن اپنی زبان سنبھالو منہ نہیں تڑوالینا مجھ سے۔۔۔۔

منہا نے انگلی اُٹھا کر اُسے وارن کیا جو پیٹ پر دونوں ہاتھ رکے درد کو کنٹرول کر رہا تھا۔۔۔۔

سفید چڑیل تمھاری ہمت کیسے ہوئی مجھے مکہ مارنے کی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہل اپنا دردپرے کرتا سامنے کھڑی منہا کی طرف بڑھا جو اُسے اپنی جانب آتا دیکھ کر جلدی سے اندر بھاگ گئی تھی۔۔۔۔ نہل بھی اُس کے پیچھے ہی بھاگا اب دونوں کے بھاگنے اور چیخنے کی آوازیں باہر تک سنائی دے رہی تھیں۔۔۔۔

مہوش بیگم نے ڈھائی سال بعد اس گھر میں ان دونوں کی آواز واپس سے سنی تو بے ساختہ اپنے اللہ کا شکر ادا کیا اور دونوں کی نظریں اُتاریں۔۔۔۔اُن کے چہرے پر خوشی تھی مگر اس خوشی میں دو لوگوں کی کمی تھی ایک اُن کا بیٹا اور دوسرا اُن کے شوہر مگر وہ اداس نہیں تھیں اُنھیں سوچتے ہوئے وہ اداس ہوتی بھی کیوں؟ وہ دونوں تو ہمیشہ کی زندگی حاصل کر چکے تھے شہید ہو کر۔۔۔۔ان کے لیے اس سے بڑی خوشی کی بات کیا ہو سکتی تھی کے وہ ایک شہید کی بیوہ اور ایک شہید کی ماں تھیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

منہا نے رات کو ہی اُس چیپ میں پڑی انفرمیشن اپنے سر کو اور نہل کو بیجھ دی تھی اُسے یقین تو تھا کے ڈیول اب کچھ نہیں کرے گا مگر پھر بھی اُس نے انفرمیشن سیو کر دی تھی تا کے اگر اُسے کچھ ہو بھی جائے تب بھی انفرمیشن کورٹ تک پہنچ جائے اور ڈیول کو اُس کے کیے کی سزا ملے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سر نے اُسے کہا تھا کے وہ منہا کی طرف سے ڈیول پر کیس کریں گے منہا بھی دل پر پتھر رکھتے اس کے لیے مان گئی تھی آخر اُس کے بھائی اور باقی معصوم لوگ جو ڈیول کی درندگی کا نشانہ بنے تھے اُنھیں انصاف ملنے والا تھا وہ کیسے نا مانتی۔۔۔۔

سر نے اگلے دن ہی کورٹ میں ڈیول کے خلاف کارروائی شروع کروادی۔۔۔۔

کورٹ نے ڈیول کو نوٹس بھیج دیا تھا کے وہ دو دن کے بعد کورٹ میں حاضر ہو۔۔۔۔

ڈیول وہ نوٹس دیکھتے بھی کچھ نہیں کر سکا تھا وہ اُس دن سے اپنے کمرے میں خاموش بیٹھا تھا نا ہی باہر نکلا اور نا ہی کسی سے کوئی بات کی۔۔۔۔

بس شراب کی بوتلیں اپنے وجود کے اندر اُتار رہا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ابھی بھی وہ اپنے کمرے کی کھڑکی کے پاس کھڑا ایک ہاتھ میں شراب کی بوتل پکڑے باہر لان کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اچانک ہی دروازے ناک ہوا۔۔۔ڈیول نے کوئی جواب نہیں دیا تھا بس خاموشی سے باہر دیکھتا رہا ۔۔۔۔

ایک منٹ بعد ہی دروازہ کھلا اور مارچ اندر داخل ہوا۔۔۔۔

کل ہمیں کورٹ جانا ہے ڈیول تم ابھی تک کچھ کر کیوں نہیں رہے؟اگر تم ایسے ہی خاموش بیٹھے رہے تو منہا سب انفرمیشن کورٹ کو دے کر تمھیں سزا دلوا دے گی۔۔۔۔
مارچ نے اُس کے پیچھے کھڑے ہوتے ہوئے جنجلا کر کہا وہ اتنے سالوں سے اس کے ساتھ کام کرتا تھا اور ڈیول کو اپنا بہترین دوست مانتا تھا اس لیے وہ نہیں چاہتا تھا کے اسے کو کچھ ہو۔۔۔۔

مجھے ایک دن اپنے گناہوں کی سزا تو ملنی ہی ہے مارچ۔۔۔۔
ڈیول نے لان میں لگے گلاب کے پھولوں کو دیکھتے جواب دیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول ہم منہا سے وہ انفرمی۔۔۔۔

نہیں بلکل نہیں تم میں سے کوئی بھی اُسے ہاتھ نہیں لگائے گا اگر کسی نے اُسے کچھ بھی کہا تو میں اُسے زندہ زمین میں گاڈدوں گا۔۔۔۔

ڈیول نے ایک دم بوتل جو اُس نے اپنے ہاتھ میں پکڑ رکھی تھی اُسے دیوار کے ساتھ مارتے غصے سے کہا ۔۔۔۔بوتل ایک دم ٹوٹتے کرچیوں میں بدلی۔۔۔۔

مجھے افسوس ہے تم اب بھی اپنی بربادی کے زمہدار خود ہو ڈیول۔۔۔۔

مارچ نے ڈیول کو گھورتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلے جاؤ یہاں سے مارچ اس سے پہلے کے میں گن سے تمھیں شوٹ کر دوں۔۔۔۔

ڈیول ایک مرتبہ پھر سے چیخا تو مارچ افسوس سے سر ہلاتے وہاں سے نکل گیا۔۔۔۔

کاش منہا تم ایسا نہ کرتی اگر تمھاری جگہ کوئی اور ہوتا تو اب تک اُس کی سانس باقی نا رہتی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول نے اپنی بے بسی پر مٹھی بھینچی اور زور سے دیوار سے دے اس کے سوا وہ کچھ نہیں کر سکا تھا۔۔۔۔

******

تمام گواہوں اور ثبوتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ عدالت سالار دورانی کو آج رات ہی پھانسی اور اُس کی گینگ کے آدمیوں کو عمر قید کی سزا سناتی ہے۔۔۔۔

جج کے یہ الفاظ کہنے پر پورے روم میں خاموشی چھائی تھی۔۔۔۔

منہا کے وکیل نے جج کو سب ثبوت دیکھائے تھے جو ڈیول کے خلاف تھے پھر منہا کا بیان ان سب پر سچ کی مہر لگا گیا تھا۔۔۔۔جج نے سب ثبوتوں کو دیکھ کر آخر میں اپنا فیصلہ سنایا جس سے وہاں بیٹھے تقریباً سب ہی لوگوں کو خوشی ہوئی۔۔۔۔

منہا جو اپنا بیان دینے کے بعد کٹہرے میں ہی کھڑی زمین کو گھور رہی تھی جج کی بات پر اُس نے ایک دم سر اُٹھایا اور سامنے کھڑے ڈیول کو دیکھا جو اُسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

منہا کو اُس کی بلو آنکھوں میں ہزار شکوے گلے اور ناراضگی نظر آئی تھی مگر نفرت! اپنے لیے اُسے ڈیول کی آنکھوں میں کوئی نفرت نظر نہیں آئی۔۔۔۔

وہ دونوں آس پاس کا سب کچھ بھلائے ایک دوسرے کو یک ٹک دیکھے جا رہے تھے۔۔۔۔دونوں ہی آخری مرتبہ ایک دوسرے کے نین نقشوں کو اپنے دل میں محفوظ کر رہے تھے۔۔۔۔"آخری مرتبہ" یہ لفظ دونوں کی سمتوں میں گونج رہا تھا اور دونوں ہی کو اپنا اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔محبت میں جدائی کسے کہتے ہیں وہ دونوں ہی اب اسے اچھے سے محسوس کر رہے تھے مگر اُن کی قسمت میں یہ جدائی تو پہلے ہی لکھ دی گئی تھی اور اب اسے بدلہ نہیں جا سکتا تھا اس کے زمہدار بھی کہی نا کہی وہ دونوں خود تھے

۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتنی ہی دیر دونوں ایک دوسرے کو یوں ہی دیکھتے رہے پھر آرمی آفیسرز نے ڈیول کے ہاتھوں میں ہتھکڑی پھنائی اور اُسے گھسیٹتے ہوئے کٹہرے سے نیچے اُتارا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ آفیسر زڈیول کو کمرہ عدالت سے باہر لے جا رہے تھے مگر ڈیول گردن پیچھے موڑے منہا کو دیکھ رہا تھا جس کی آنکھیں اب نم تھیں۔۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

دھندلا سا منظر منہا نے دیکھا تھا جہاں آفیسرز ڈیول کو کمرے سے باہر لے گئے اچانک ہی ڈیول اُس کی نظروں سے اوجھل ہوا تو وہ ہوش میں آئی۔۔۔۔

پھر اُس نے خود کو باہر کی جانب بھاگتا پایا۔۔۔ کہی لوگوں کو سائیڈ پر دھکیلتے ہوئے منہا آگے کی جانب جا رہی تھی پھر آخر وہ اُسے نظر آ ہی گیا جس کی گردن اب بھی پیچھے مڑی ہوئی تھی۔۔۔اُسے بھی شاید یقین تھا کے منہا اُس کے پیچھے ضرور آئے گی۔۔۔۔

وہ جلدی سے بھاگ کر اُس کے سامنے آئی اور آرمی آفیسرز کو ہاتھ سے رکنے کا اشارہ کیا۔۔۔۔

وہ آفیسرز بھی منہا کو دیکھتے رک گئے تھے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منہا بلکل اُس کے سامنے کھڑی ہوئی اور اُس کی بلو آنکھوں کو غور سے دیکھا۔۔۔۔

کاش تم یہ سب کام نا کرتے ہوتے۔۔۔۔
منہا نے کافی دیر کے بعد خاموشی توڑی مگر اُس کی آواز بہت کم تھی بامشکل ہی ڈیول سن پایا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈیول نے اُس کی بات پر تکلیف سے آنکھیں بند کیں۔۔۔۔وہ اُسے یہ نہیں بتا سکا تھا کے اچھے بُرے میں فرق سیکھانے والا اُس کے پاس کوئی نہیں تھا۔۔۔۔

یاکاش مجھے تمھارا کیس نا ملتا۔۔۔۔
منہا پھر سے اُس کی بند آنکھیں کو دیکھتے ہوئے بولی اب بھی آواز آہستہ تھی اور آنکھیں نم۔۔۔۔

ڈیول نے ہلکی سی آنکھیں کھولیں اور منہا کی نم آنکھوں میں دیکھا لیکن وہ کہہ اس بار بھی کچھ نہیں پایا تھا اُس کی آواز جیسے گلے سے باہر نکلنے سے انکاری تھی۔۔۔۔

یاکاش مجھے تم سے م۔مح۔۔بت نا ہوتی۔۔۔۔
یہ کہتے منہا نے اپنی آنکھیں زور سے بند کی تا کے وہ اپنے آنسوں روک سکے مگر وہ ناکام رہی اور ایک آنسوں اُس کی آنکھ سے ٹوٹ کر باہر نکلا اور خاموشی سے گال پر بہہ گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ڈیول اُس کے آنسوں دیکھتے تڑپ کر رہ گیا اُس نے ہاتھ بڑھایا کے وہ منہا کی آنکھوں سے نکلا آنسوں صاف کر سکے مگر تب ہی آفیسر نے اُس کا ہاتھ کھینچا۔۔۔۔

میم سوری ہم اس سے زیادہ نہیں رک سکتے یہاں۔۔۔۔

آفیسر جو کچھ فاصلے پر کھڑا تھا وہ جلدی سے بول کر ڈیول کا ہتھکڑی والا ہاتھ کھنچتے ہوئے منہا کے سائیڈ سے گزر گیا۔۔۔۔

ڈیول نے پہلی مرتبہ کوشش کی تھی آفیسر سے اپنا ہاتھ چھڑوانے کی مگر وہ کچھ نہیں کر سکا اور وہاں سے آگے کھنچا چلا گیا۔۔۔۔

ڈیول نے اب بھی گردن پیچھے کی جانب موڑ رکھی تھی مگر اس بار منہا پیچھے نہیں مڑی نا ہی اُس کی طرف بھاگی تھی بس وہی کھڑی روتی رہی اُس میں ہمت ہی نہیں رہی تھی کے وہ پیچھے مڑتے آخری بار اُسے دیکھ لیتی جو اتنے کم وقت میں اُس کے دل کے کافی قریب ہو گیا تھا جس کا احساس منہا کو جدائی کے وقت ہوا تھا اس سے پہلے تو وہ بس اپنے مقصد کو پورا کرنے میں لگی ہوئی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ڈیول وہاں سے جا چکا تھا ہمیشہ کے لیے اُس سے دور جا چکا تھا واپس کبھی نا ملنے کے لیے وہ چلا گیا تھا اور پیچھے کہی کاش رہ گئے تھے جو بس کاش ہی تھے اُن کی کوئی سچائی نہیں تھی۔۔۔۔

اُن دونوں کے راستے الگ ہو چکے تھے ہمیشہ کے لیے اور دل بھی۔۔۔۔ایک اور محبت کا انجام آج جدائی ہوا تھا اور اس محبت میں بھائی اور وطن کی محبت آگے نکل گئی تھی۔۔۔۔

نہل جو روم سے منہا کے پیچھے ہی باہر نکلا تھا اُسے بھاگ کر ڈیول کے سامنے جاتے دیکھ کر وہیں ایک طرف رک گیا۔۔۔۔

پھر منہا کی باتیں جو بامشکل ہی اُسے سنائی دی تھی اور رونا دیکھ کر نہل ایک دم ساکت ہوا تھا۔۔۔۔ مگر اُسے آج اپنی بہن پر فخر بھی ہوا تھا جو اپنے بھائی اور ملک کے لوگوں کے پیچھے اپنے دل کو توڑ چکی تھی

۔۔۔۔

نہل ڈیول کے وہاں سے جانے کے بعد جلدی سے منہا کے پاس آیا جو دیوار کا سہارا لیے کھڑی آنسوں بہا رہی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہل نے ایک دم اُسے خود سے لگایا۔۔۔پھر منہا کہی دیر اپنے بھائی کے سینے سے لگی روتی رہی تھی

۔۔۔۔

نہل نے بھی اُسے خاموش نہیں کروایا تھا وہ چاہتا تھا کے وہ اپنے دل کا غبار نکال لے اچھے سے۔۔۔۔

*****

ایک ہفتے بعد۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک ہفتہ گزر چکا تھا ڈیول کو پھانسی ہوئے۔۔۔۔

منہا جب سے کورٹ سے واپس آئی تھی تب سے ہی خاموش رہنے لگی تھی زیادہ بات نہیں کرتی تھی کسی سے بھی مگر مہوش بیگم کے سامنے خود کو نارمل رکھنے کی بھرپور کوشش کرتی تھی کیوں کہ وہ اُنھیں اپنے لیے پریشان ہوتا نہیں دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہل نے اُس سے ڈیول کے متعلق کوئی بھی بات نہیں کی تھی جس سے منہا بھی کچھ مطمعین تھی ۔۔۔۔

ابھی وہ مہوش بیگم کے بہت اصرار کرنے پر لان میں اُن کے ساتھ آکر بیٹھی تھی اور کافی پی رہی تھی مگر اُس کا دھیان کہی اور ہی تھا اُن نیلی آنکھوں کی جانب جنھوں نے اُسے کچھ وقت میں ہی اپنا اسیر بنالیا تھا ۔۔۔۔وہ چاہ کر بھی اُس کی سوچیں دماغ سے نہیں نکال پا رہی تھی اُسے ڈیول سے نفرت بھی تھی مگر محبت بھی ہو چکی تھی۔۔۔۔

منہا میں تم سے بات کر رہی ہوں تم کہاں کھوئی ہوئی ہو۔۔۔۔
مہوش بیگم کی تیز آواز پر وہ خیالوں سے باہر آئی۔۔۔۔

ج۔۔جی موم۔۔۔۔
منہا ایک دم اُن کی جانب متوجہ ہوئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں کہہ رہی تھی اب تو تمھارا کیس بھی ختم ہو چکا ہے اور تمھاری عمر بھی 25 ہو گئی ہے اس لیے اب شادی کا سوچو کچھ۔۔۔۔

- مہوش بیگم نے اپنی کافی کا سپ لیتے ہوئے اُس سے کہا تو منہا کی نظروں کے سامنے ایک مرتبہ پھر وہ نیلی آنکھیں آئیں۔۔۔۔

موم میرے یہ ٹپیکل خواب نہیں ہیں کے ایک اچھا لڑکا ملے پھر اُس سے شادی کر کے گھر بساؤں میں اپنی لائف سے کچھ اور چاہتی ہوں۔۔۔۔
منہا نے کافی کا ایک سپ لیتے ہوئے کہا۔۔۔۔

یہ کوئی ٹپیکل خواب نہیں ہے منہا یہ کرنا ضروری ہے سب کی ایک دن شادی ہوتی ہے۔۔۔۔
مہوش بیگم نے اُس کی بات پر اُسے حیرت سے دیکھا پھر اُسے سمجھانے لگیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نو موم میں اپنی سٹوری کے اینڈ میں یہ نہیں چاہتی کے "منہا خانزادی ایک اچھے سے لڑکے سے شادی کرنے کے بعد اب ہیپی میرج لاف گزار رہی ہے" بلکہ میں چاہتی ہوں کے لوگ سنیں "منہا خانزادی

Posted On Kitab Nagri

اپنے ملک پاکستان کی خدمت اور حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو گئی" بس اتنی سی خواہش ہے میری لائف میں۔۔۔۔

منہانے کافی کا آخری گھونٹ بھرا پھر خالی کپ ٹیبل پر رکھتے اُٹھ گئی۔۔۔۔

پیچھے مہوش بیگم نہ میں سر ہلا کر رہ گئی تھیں "ان باپ بچوں کی ملک سے محبت "۔۔۔۔

****

چھ ماہ بعد۔۔۔۔

مہوش بیگم کچن میں کھڑی ملازمہ سے صفائی کروا رہی تھی جب اچانک ہی لاؤنج میں رکھا لینڈ لائن بجا

۔۔۔۔

تم یہاں سے سہی سے صفائی کرو میں دیکھتی ہوں کس کی کال ہے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہوش بیگم ملازمہ کو ایک کونے سے سہی سے صفائی کرنے کا بول کر وہاں سے باہر نکلیں اور لاؤنج میں گئیں۔۔۔۔

گھر میں ابھی صرف وہی موجود تھیں اس لیے اُنھیں ہی کال پک کرنی پڑی۔۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔

اُنھوں نے کال پک کرتے رسیور کان سے لگایا۔۔۔۔

آگے سے سننے والی خبر پر اُن کے ہاتھ سے رسیور چھوٹا اور وہ وہی ساکت سہی کھڑی رہ گئیں۔۔۔۔

منہا خانزادی آج تمھاری خوائش پوری ہوئی۔۔۔۔ تم چاہتی تھی نا کے تمھاری سٹوری کا اینڈ تمھاری شہادت کی خبر ہو تو آج تمھاری یہ خواہش پوری ہوئی۔۔۔۔

تمھاری سٹوری کا اینڈ یہی ہے کے "منہا خانزادی اپنے ملک پاکستان کی خدمت اور حفاظت کرتے ہوئے آج شہیدت کا رتبہ حاصل کر چکی ہے"۔۔۔۔۔

مہوش بیگم نے فون میں منہا کے سر کے کہے جملے کو دھرایا اور وہی زمین پر بیٹھتی چلی گئیں۔۔۔۔

******

تلواروں پے سر وار دیے

Posted On Kitab Nagri

انگاروں میں جسم جلایا ہے
تب جا کے کہی ہم نے سر پے
یہ کیسری رنگ سجایا ہے

آے میری زمین افسوس نہیں
جو تیرے لیے سو درد سہے
محفوظ رہے تیری آن صدا
چاہے جان میری یہ رہے نا رہے

آے میری زمین محبوب میری
میری نس نس میں تیرا عشق بہے
پھیکا نا پڑے کبھی رنگ تیرا
جسموں سے نکل کے خون کہے

تیری مٹی میں مل جاواں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

گل بن کے میں کھل جاواں

اتنی سی ہے دل کی آرزو

تیری ندیوں میں بہہ جاواں

تیرے کھیتوں میں لہراواں

اتنی سی ہے دل کی آرزو

وہ آہ۔۔۔۔۔۔۔

اودیس میرے تو جیتا رہے

تونے شیر کے بچے پالیں ہیں

کچھ لال ہوئے بلیدان تو کیا

سو شیر تیرے رکھوالے ہیں

اووطنان وے، میرے وطنان وے

تیرا میرا پیار نرالا تھا

قربان ہوا تیری عظمت پے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں کتنے نصیبوں والا تھا

تیری مٹی میں مل جاواں
گل بن کے میں کھل جاواں
اتنی سی ہے دل کی آرزو
تیری ندیوں میں بہہ جاواں
تیرے کھیتوں میں لہراواں
اتنی سی ہے دل کی آرزو

******

ختم

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595